تبصرے

"اعیان الحجاج"
تاریخ اسلام کے بلند پایہ حجاج

تالیف شیخ الحدیث مولانا الحاج حبیب الرحمن صاحب اعظمی، صفحات ۲۳۲، تقطیع ۲۰×۲۶
قیمت غیر مجلد تین روپے آٹھ آنے، قیمت مجلد چار روپے آٹھ آنے، کتابت، طباعت نفیس پتہ:- مکتبہ اعظمی مئوناتھ بھنجن (یوپی)۔

حضرت مولانا حبیب الرحمن الاعظمی ہمارے دور کے بلند پایہ عالم، جلیل القدر محدث اور عربی ادب کے باکمال استاذ سمجھے جاتے ہیں، اس لئے زیر نظر کتاب کے اعتبار و استناد کے لئے مولانا کا نام ہی کافی ضمانت ہے، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، موصوف نے اس کتاب میں مشاہیر اسلام کے حالات حج و زیارت کو دل پذیر اسلوب میں یکجا کیا ہے، اسی کے ساتھ ان اکابر کے مختصر سوانح حیات اور سبق آموز واقعات بھی لکھے ہیں۔

عجیب بات ہے کہ مسائل و فضائل حج پر تو بے شمار کتابیں لکھی گئیں مگر اس موضوع پر کوئی مرتب و مستند کتاب ابھی تک وجود میں نہیں آئی تھی، مولانا نے اس کی ضرورت محسوس فرمائی اور تاریخ اسلام کے اکابر اور سلف صالح کے ایمان افروز حالات حج کو ملکے، پھلکے پیرایہ میں جمع کر دیا، ان واقعات کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ ہمارے ان بزرگوں نے اسلام کے اس پر عظمت رکن کا حق کس ولولہ و شوق سے ادا کیا اور اس سے کیسی روحانی برکتیں حاصل کیں،

سوانح اور واقعات حج کے علاوہ بہت سی تاریخی اور علمی معلومات کے اضافے سے کتاب کی افادیت اور قدر و قیمت بڑھ گئی ہے، اور اس سے نہ صرف زیارت حرمین سے مشرف ہونے والے ہی نفع اٹھائیں گے بلکہ اصحاب علم و نظر کے لئے بھی اس میں بہت کچھ ملے گا۔

بعض خاص اکابر کے حالات میں ضرورت سے زیادہ اختصار سے کام لیا گیا ہے مثلاً